درعدن، ہالہ اور امامہ نام رکھنا کیسا؟

مجیب: محمد بلال عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1781

تاریخ اجراء: 08ذوالحجۃالحرام1444ھ/27جون2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

سوال: کیا درج ذیل نام کے معانی بتا سکتے ہیں؟

dur e adan:1

hala:2

umamah:3

ان ناموں میں سے کونسا نام بچی کے لیے زیادہ بہتر ہو گا اور وہ کیسے لکھا جائے گا؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

اردو میں ان کو اس طرح لکھا جائے گا: درعدن، ہالہ، امامہ۔

ان کے معانی درج ذیل ہیں:

(1)درعدن: جنت کا موتی۔ در: موتی۔ (فیروز اللغات، ص656، لاہور)

عدن: باغ بہشت جس میں آدم علیہ السلام کو رکھا گیا تھا۔ (فیروز اللغات، ص953، لاہور)

(2)ہالہ: چاند کے چاروں اطراف کا روشن دائرہ۔ سید الشہداء حضرت امیر حمزہ رضی اللہ تعالی عنہ کی والدہ ماجدہ کا نام ہے۔ (نام رکھنے کے احکام، ص155، مکتبۃ المدینہ)

(3)امامہ: ارادہ کرنے والی۔ یہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی نواسی کا نام ہے۔ (نام رکھنے کے احکام، ص148، مکتبۃ المدینہ)

ان میں سے امامہ اور ہالہ میں سے کوئی نام رکھنا زیادہ بہتر ہے کہ یہ نیک و صالحات بیبیوں کے نام ہیں اور حدیث پاک میں نیکوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے۔اور اس سے امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شامل حال ہو۔

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے:"تسموا بخیار کم واطلبوا حوائجکم عند حسان الوجوہ"ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو اور اپنی حاجتیں اچھے چہرے والوں سے طلب کرو۔(الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث2328، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

بہار شریعت میں ہے:"بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں ایسے ناموں سے احتراز کریں۔انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شامل حال ہو۔"(بہار شریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net